نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

23 نومبر 2010ء

برائے فوری اجراء

653/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی فوجیوں کی سیلاب زدگان کیلئے اڑھائی کروڑ پاؤنڈ وزنی امدادی سامان کی ترسیل

اسلام آباد (23 نومبر 2010ء) ___ امریکی فوج کے طیاروں نے پاکستان میں سیلاب زدگان کے لئے امداد کی ترسیل کے سلسلہ میں اتوار کو اُس وقت ایک اہم سنگِ میل عبور کرلیا جب پانچ اگست سے پاکستان میں شروع کی جانے والی اُن کی امدادی کارروائیوں کے دوران متاثرین کو پہنچائے گئے امدادی سامان کی مقدار اڑھائی کروڑ پاؤنڈ سے تجاوز کرگئی۔

پاکستان میں امریکہ کے دفاعی نمائندہ وائس ایڈمرل مائیک لی فیور نے کہا ہے کہ مجھے اپنے فضائی عملے اور امدادی اہلکاروں کی جانب سے یہ سنگِ میل عبور کرنے پر فخر ہے۔ وہ اپنے پاکستانی ہم منصبوں کے ساتھ مل کر اشد ضرورت کی غذائی اشیاء اور انسانی بنیاد پر دی جانے والی امداد ملک بھر میں متاثرینِ سیلاب تک پہنچانے کیلئے ناقابلِ یقین حد تک سخت محنت کرتے رہے ہیں۔

ایڈمرل لی فیور نے کہا کہ موسمِ سرما کی آمد کے ساتھ صوبہ خیبر پختونخوا کی دور افتادہ آبادیوں، جیسا کہ سوات اور کوہستان کے الگ تھلگ علاقوں، کیلئے اُن کی خدمات خاص طور پر لائقِ تحسین ہیں جہاں ہمارے فوجی غذائی ذخائر بھرے رکھنے میں معاونت کررہے ہیں۔

اب تک امریکی فوج کے طیارے اور اہلکار، جو پاک فوج سے قریبی رابطہ رکھ کر کام کررہے ہیں ہیں، 25,029,046 پاؤنڈ (تقریباً ایک کروڑ 13 لاکھ کلوگرام) امدادی سامان پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں پہنچا چکے ہیں اور اُنھوں نے 39,000 سے زیادہ افراد کو فضائی کارروائیوں کے ذریعے محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے۔

اِس وقت امریکی فوج کے 18 ہیلی کاپٹرز اور تقریباً 350 اہلکار سیلاب زدہ علاقوں میں حکومت پاکستان کی امدادی کارروائیوں میں اعانت کررہے ہیں۔

انسانی بنیاد پر فضائی کارروائیوں کے علاوہ حکومتِ امریکہ امداد اور بحالی کے کاموں کیلئے پاکستان کو 463 ملین ڈالر سے زیادہ کی امداد بھی فراہم کررہی ہے، جبکہ یو ایس ایڈ اور امریکہ کے دوسرے شہری ادارے بھی متاثرینِ سیلاب کی مدد جاری رکھے ہوئے ہیں۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800